سوال

(687) پیشانی کے اوپر سے بالوں کو چھوٹا کرانے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اس کٹنگ کا کیا حکم جو کچھ عورتیں کرواتی ہیں؟ اس کی صورت یہ ہے کہ پیشانی کے اوپر سے کچھ بال کاٹ کر ان کی لٹوں کو پیشانی پر لٹکایا جاتا ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر اس کٹنگ کی غرض کفار اور ملحد عورتوں کی مشابہت ہو تو یہ حرام ہے کیونکہ غیر مسلموں سے مشابہت حرام ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کی وجہ سے۔

"مَن تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُم"[1]

"جس نے کسی قوم کی مشابہت کی وہ انھیں میں سے ہے۔

اور اگر مشابہت کے ارادے سے نہیں بلکہ عورتوں کے درمیان نئے رواجوں سے ایک رواج کے طور پر کیا جائے تو اگر اس میں زینت و خوبصورتی کا پہلو موجود ہے جس کے ذریعے خاوند کےلیے زینت اختیار کرنا بھی ممکن ہو اور اپنے جیسی عورتوں کے درمیان ایسی شکل میں آنا مطلوب ہو جو ان کے درمیان اس کے مقام کو بلند کرنے کا ذریعہ ہو تو ہمیں اس میں کوئی حرج نظر نہیں آتا۔ (سعودی فتویٰ کمیٹی)

---

[1]۔ صحیح مسند احمد (2/50)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کےلیے صرف

صفحہ نمبر 607